© rasailojaraid.com

کی نمائندگی کرتی ہیں۔ افسانوں کا حصہ اگرچہ نسبتًہ کمزور ہے تاہم مجموعی اعتبار سے اس خاص نمبر کے مشمولات ادب کے تخلیقاتِ عالیہ میں شمار ہونے کے لایق ہیں جو لوگ اردو ادب کے جدید رجحانات اور اُن کی رفتارِ ترقی سے باخبر رہنا چاہتے ہیں اُن کو شاعر کے عام نمبروں کا عمومًا اور اس خاص نمبر کا خصوصًا مطالعہ ضرور کرنا چاہیئے۔

طبی ڈائجسٹ | مرتبہ حکیم محمد صلاح الدین صاحب تمانی۔ تقطیع متوسط ضخامت ۰ صفحات کتابت و طباعت بہتر قیمت سالانہ للعہ روپیہ۔ پتہ :۔ مکتبۂ طبیہ مارکیٹ روڈ۔ حیدرآباد (پاکستان)

یہ ایک جدید طبی ماہنامہ ہے جو گذشتہ چند مہینوں سے پابندی اور باقاعدگی کے ساتھ حیدرآباد (پاکستان) سے شائع ہو رہا ہے۔ رسالہ کا مقصد پاکستان میں طبِ یونانی کی ترویج و ترقی، عوام کو اس قدیم طریقۂ علاج سے مانوس کرنا۔ اور جدید سائنٹفک تحقیقات سے فائدہ اٹھا کر اُس میں وسعت اور ہمہ گیری پیدا کرنا۔ اطبائے کرام کو منظم اور متحد کرنا اور حکومت کو اُس کی علمی اور ضروری امداد کی طرف متوجہ کرنا ہے اب تک اس رسالہ کے جتنے نمبر نکلے ہیں وہ سب انھیں مقاصد کے ماتحت ہیں اور اس لحاظ سے رسالہ کامیاب ہے۔ لیکن موجودہ حالات کے پیشِ نظر ضروری ہے کہ رسالہ کی کتابت و طباعت اور اُس کے مضامین کا معیار اونچا کرنے اور اُن میں تنوع پیدا کرنے کی طرف مزید توجہ کی جائے۔ میڈیکل سائنس کے جو رسالے انگریزی میں نکلتے ہیں کم از کم پاکستان کے طبی رسالوں کو تو اُن سے کم نہیں ہونا چاہیے۔ بہرحال یہ رسالہ موجودہ حالت میں بھی اس لایق ہے کہ عوام اور اربابِ فن دونوں اس سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں، جو لوگ طب نہیں جانتے وہ گھر بیٹھے ہی اس کے ذریعہ مفید اور کارآمد طبی معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

© rasailojaraid.com